پندرہواں اجلاس، اناسیویں نشست

خیبر پختونخوا اسمبلی

سات منٹ کی مختصر نشست کے بعد اجلاس ملتوی

اسلام آباد، 8 جنوری 2016 : خیبر پختونخوا اسمبلی کے پندرہویں اجلاس کی اناسیویں نشست فقط سات منٹ جاری رہ کر کورم کی عدم موجودگی کے باعث ملتوی کردی گئی۔ اب اجلاس گیارہ جنوری کو ہوگا۔

ایوان کی کارروائی کے خاص نکات

- نشست سات منٹ جاری رہی۔
- نشست کا آغاز طے شدہ وقت دو بجے کی بجائے دو بج کر اڑتیس منٹ پر ہوا۔
- صدارت کے فرائض نومنتخب ڈپٹی سپیکر انجام دیئے۔
- وزیرِاعلٰی اور قائدِ حزب اختلاف اجلاس میں شریک نہ ہوئے۔
- نشست کے آغاز پر سولہ (تیرہ فیصد) اور اختتام پر اکیس (سترہ فیصد) اراکین موجود تھے۔
- نشست صرف جماعت اسلامی کے پارلیمانی قائد نے شرکت کی۔
- ایک اقلیتی رکن بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

کارکردگی

- ایوان نے ایجنڈے میں شامل کسی امر پر کوئی بات نہیں کی۔

نظم وضبط

- جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ایک رکن کی جانب سے کورم کی عدم موجودگی کی نشاندہی کیے جانے پر اجلاس گیارہ جنوری تک ملتوی کردیا گیا۔

شفافیت

- ایجنڈے کی نقول تمام اراکین، مشاہدہ کاروں اور عوام کیلئے دستیاب تھیں۔

(یہ فیکٹ شیٹ فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹ ورک کی رکن تنظیم یونائٹڈ رورل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کی جانب سے خیبر پختونخوا اسمبلی کی کاروائی کے براہ راست مشاہدے پر مبنی ہے۔ ادارہ ممکنہ غلطی یا کوتاہی پر پیشگی معذرت خواہ ہے۔)